مکاتیب حضرت بنوری رحمۃ اللہ علیہ

بنام حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ

انتخاب: مولانا سید سلیمان یوسف بنوری

حضرت علامہ محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ بنام حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخدومِ محترم حضرت بابرکت شیخ العصر شیخ الحدیث متع اللہ الأمة ببرکاتہٖ وآثارہ الصالحة آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خدا کرے مزاجِ اقدس بعافیت وخیریت ہوں اور تمام احوالِ ظاہری وباطنی مستوجبِ شکرِ الٰہی ہوں۔ ’’لامع الدراري‘‘ کا نام وغیرہ بلاک بناکر شدید انتظار کے بعد پہنچ گئے، لیکن افسوس کہ دیکھ کر صدمہ ہوا، نہ خط کا حسن، نہ ترتیب، نہ سائز کا خیال رکھا گیا، فنی نقائص سے لبریز ہے اور نہایت بدنما، بے ڈھب، کسی کو بھی پسند نہ آیا، مجبوراً ارادہ کیا کہ یہاں کاتب سے دوبارہ دوسرا تیار کیا جائے اور جتنا ممکن ہو تناسب کا خیال رکھا جائے، نہ معلوم کیوں مصر وقاہرہ کی سرزمین میں ایسی بے توجہی اور بدذوقی کا ثبوت دیا گیا؟! بہرحال یہ صورت پیش آئی۔

میں بخیریت ہوں اور عزیزم محمد سلمہ بھی بخیریت ہے، ان کے لیے ابھی بہت دعوات کی ضرورت ہے، میں تو ہوں محتاجِ دعوات۔ سب سے زیادہ تکلیف دہ میرے لیے ضیاعِ اوقات ہے۔ حسبِ معمول سلام پیش کرنے کی بھی درخواست ہے۔ حضرت قبلہ والد محترم بہت بہت سلام ودعوات سے یاد فرماتے ہیں۔

والسلام مسك الختام

مخلصکم محمد یوسف البنوري عفي عنه

۱۵/صفر ۱۳۹۵ھ

پس نوشت: عزیزم محمد سلمہ سلامِ نیاز و عقیدت پیش کرتا ہے اور دعوات کا ملتجی ہے۔ **(بنوری عفی عنہ)**

حضرت علامہ محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ بنام حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخدومِ گرامی مآثر حضرت شیخ الحدیث

زادكم الله توفيقًا إلىٰ كل خير وسعادة وأعطاكم الحسنىٰ وزيادة

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نامۂ برکت باعثِ شرف ہوا تھا، برادرم مولوی شاہد صاحب کے نام مکتوب میں تعزیتی کلمات نے شکرگزار بنایا۔ بچی حافظہ تھی، صالحہ تھی، صبر وشکر کا مقام جیسے اس کو حاصل تھا، نہ کبھی دیکھا، نہ کبھی اس دور میں سنا، تمام زندگی آلام واوجاع ہی میں گزری اور حق تعالیٰ کے فضل سے توقع ہے کہ زحمت کا محدود دور فتح ہوگیا اور رحمتِ الٰہی کا لامحدود دور شروع ہوا، تاہم آپ کی دعوات سے استغناء نہیں ہے اور میں تو ہوں ہی محتاج۔ ضیاعِ اوقات اور فقدانِ نشاط کے لیے دعوات سے سرفراز فرمائیں، وأجركم على الله ، إن الله لايضيع أجر المحسنين۔ مواجہہ شریف میں مدرسہ کے خادم کا سلام اگر پیش فرمائیں تو شکرگزاری میں مزید اضافہ ہوگا۔ باقی ملکی حالات اندرونی بیرونی حالات دردناک ہیں، ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دنیا کو سزا مل رہی ہے، يا ليت لوكانوا يعلمون .

شاہ فیصل آخر میں بے نظیر فقیر پادشاہ بن گئے تھے، حق تعالیٰ سے تعلق اچھا ہوگیا تھا، موت شہادت کی نصیب ہوگئی، پادشاہی ختم ہوگئی، بارگاہِ رحمت کے فقیر بن گئے، اللّٰهم اغفر له، اللّٰهم ارحمه واعف عنه ، آمين .

والسلام

محمد یوسف بنوری عفی عنہ

۲۰ ربیع الاول ۱۳۹۵ھ

پس نوشت: عزیزم محمد سلمہ سلام ودعوات کی التجا پیش کرتا ہے۔ **(بنوری)**

..... ❁ ..... ❁ ..... ❁ .....